# آئندہ شماروں کے موضوعات

☆برطانوی اخبار ''ڈیلی مرر'' کے ذریعے صدر بش اور ٹونی بلیئر کے درمیان الجزیرہ ٹیلی ویژن کے دوحہ میں موجود دفاتر پر بمباری کی تجویز کا افشاء کن مقاصد کی نشان دہی کرتا ہے؟ عرب ممالک جہاں صحافت کو مادر پدر آزادی حاصل نہیں لیکن دوحہ میں الجزیرہ ٹی وی کو عالم عرب کی تمام حکومتوں پر تنقید کی کھلی آزادی کس کے ایماء پر دی گئی ہے القاعدہ سے متعلق تمام خبریں، بیانات ویڈیو ٹیپس صرف الجزیرہ کے ذریعہ کیوں نشر کی جاتی ہیں؟ الجزیرہ کے ذرائع آمدنی کیا ہیں؟ الجزیرہ کو ہیرو کے طور پر پیش کرنے کا مقصد کیا ہے؟ کیا یہ ممکن ہے کہ صدر بش اور ٹونی بلیئر کی خفیہ گفتگو کاغذات پر منتقل ہو کر افشاء ہو جائے اس گفتگو کو کاغذ پر منتقل کرنے کی حکمت سمجھ سے بالاتر ہے کہیں ایسا تو نہیں کہ ''الجزیرہ'' کو عالم اسلام کا مقبول ترین ذریعہ ابلاغ بنانے کی منصوبہ بندی کر لی گئی ہے؟ اور اس کی مقبولیت میں اضافے کے لیے یہ کہانی گھڑی گئی ہے؟ گزشتہ چند مہینوں میں امریکہ اور برطانیہ میں صحافیوں کے ذریعے خانہ ساز کہانیوں کی نشر و اشاعت کیا ان خدشات کی بھرپور تصدیق کرتی ہے؟ الجزیرہ کے بارے میں چند فکر انگیز خیالات۔

☆ کیا وجہ ہے کہ ''ڈیلی مرر'' میں الجزیرہ کی خبر شائع ہونے پر برطانوی حکومت نے سیکرٹ ایکٹ کی دفعہ ۵ کے تحت کوئی کارروائی نہیں کی لیکن اخبارات کو پریس کمیشن کے ذریعے دھمکی دی گئی کہ اگر اس خبر کی تفصیلات یا جزئیات شائع کی گئیں تو اخبارات کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی۔ اٹارنی جنرل پیٹر گولڈ اسمتھ نے اخبارات کو دھمکی دی لیکن ''ڈیلی مرر'' کے خلاف کوئی کارروائی کیوں نہیں کی گئی؟

☆اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی قائم کردہ لیگل کمیٹی نے یکم دسمبر ۲۰۰۵ء کو دہشت گردی کی متفقہ تعریف طے کرنے میں ناکامی کے بعد اپنا اجلاس فروری ۲۰۰۶ء تک کے لیے ملتوی کرنے کا اعلان کر دیا واضح رہے کہ اقوام متحدہ کی یہ کمیٹی گزشتہ پانچ سال سے دہشت گردی کی متفقہ تعریف طے کرنے کی کوشش کر رہی ہے لیکن ابھی تک دہشت گردی کی تعریف متعین نہیں کی جا سکی لیکن اقوام متحدہ کی سرپرستی میں افغانستان اور عراق میں دہشت گردی کے خلاف عظیم الشان جنگ جاری ہے۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کوفی عنان نے کمیٹی کی ناکامی پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے واضح ہے کہ یہ چھٹی کمیٹی ہے جو دہشت گردی کی تعریف متعین کرنے میں ناکام رہی ہے اس کمیٹی نے ایک قرارداد کے ذریعے ایک اور ذیلی کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا ہے جو فروری میں ہونے والے مذاکرات میں متفقہ مسودے کے سلسلے میں شریک گفتگو ہوگی اقوام متحدہ دہشت گردی کی تعریف متعین کرنے میں کیوں ناکام رہی؟ دہشت گردی کی تعریف متعین کیے بغیر افغانستان اور عراق اور اب شام و ایران میں دہشت گردی کے خلاف جاری مہم جوئی کا اخلاقی قانونی جواز کیا ہے؟

☆۱۹۷۶ء میں امریکہ کی عدالت عظمیٰ کی جانب سے سزائے موت کی بحالی کے بعد ۲۰۰۵ء تک امریکہ میں ایک ہزار مجرموں کو موت کی سزا دی جا چکی ہے۔ ۲ دسمبر ۲۰۰۵ء کو Leeboyd ہزارواں مجرم تھا جسے موت کی سزا دی گئی جب بش ٹیکساس کے گورنر تھے تو وہاں ۳۵۵ لوگوں کو سزائے موت دی گئی ٹیکساس میں تمام ریاستوں کے مقابلے میں تین گنا زیادہ خطرناک مجرم ہیں جو سزائے موت کے حق دار ٹھہرے دنیا کے تمام اسلامی ممالک میں ایک ایک ہزار مجرم قتل نہیں کیے گئے؟ اس فرق کی وجہ کیا ہے؟

☆یورپین کورٹ آف جسٹس نے ترکی کی عدالت کے فیصلے کی توثیق کرتے ہوئے لیلیٰ شاہین کی اپیل مسترد کر دی ہے لیلیٰ کو استنبول یونیورسٹی کے میڈیکل اسکول سے اسکارف پہننے کے جرم میں نکال دیا گیا تھا لیلیٰ نے ترکی کی

عدالتوں سے ناکامی کے بعد آخری عدالتی چارہ جوئی کے لیے یورپین کورٹ سے رجوع کیا لیکن فیصلہ لیلیٰ کے خلاف کیا گیا عدالت نے اپنے فیصلے میں لکھا ہے کہ لیلیٰ کا اسکول میں اسکارف پہننا یورپین کنونشن آف ہیومن رائٹس کی خلاف ورزی ہے ترکی ایک سیکولر ملک ہے اور کوئی سیکولر ملک بنیادی حقوق کے چارٹر کے تحت اسکارف پہننے کی اجازت نہیں دے سکتا کیوں کہ اسکارف مذہبی علامت ہے۔ بنیادی حقوق کے فلسفے کے تحت عنقریب عورتوں کو تمام قانونی امور میں مردوں کے مساوی بنیادی حق دینے کے فیصلے بھی منظر عام پر آنے والے ہیں جس کے بعد عالم اسلام کے علماء کو بنیادی حقوق کے فلسفے کی اصل حقیقت سمجھ میں آئے گی کیا وجہ ہے کہ علماء کرام اور مذہبی جماعتیں وتحریکیں ابھی تک بنیادی حقوق کے منشور کی اصل حقیقت کو سمجھ نہیں سکے اور اس منشور کو اسلام کی ترجمانی قرار دے رہے ہیں؟

☆امریکہ میں یہ مطالبہ کیوں زور پکڑ رہا ہے کہ عراق وافغانستان سے امریکی فوج واپس بلائی جائے؟ عراق میں دو ہزار امریکی فوجیوں اور افغانستان میں چار ہزار امریکی فوجیوں کی اموات نے امریکہ میں بے چینی کیوں پیدا کر دی ہے؟ ڈیموکریٹک سینیٹر Robert Byrd کے مطابق امریکہ عراق میں اب تک تین سو بلین ڈالر خرچ کر چکا ہے جس کی کوئی حد نہیں ہے اگلے دو سالوں میں عراق پر جنگی اخراجات ایک ٹریلین ڈالر سے بڑھ جائیں گے؟ پہلی جنگ عظیم میں امریکہ کے پچاس ہزار اور دوسری جنگ عظیم میں دس لاکھ ستر ہزار فوجی وشہری ہلاک ہوئے تھے ویت نام میں امریکہ کے پچاس ہزار فوجی ہلاک ہوئے تھے لیکن اس وقت وہ شور وغوغا نہیں اٹھا جو اب صرف دو ہزار فوجیوں کی ہلاکت پر پیدا ہو رہا ہے کیا یہ شور وغوغا مغرب کی شکست کا اعلان ہے؟ کیا موت کے تصور نے مغرب کو شکست دے دی ہے؟ [AFP 27 Oct 2005]

☆زلزلہ زدگان کے لیے منعقدہ ڈونرز کانفرنس میں سب سے زیادہ عطیات/نرم قرضے/اسلامی ممالک نے دیے جبکہ امریکہ اور مغربی ممالک اس سلسلے میں بہت پیچھے رہے اے ایف پی کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق:

۱) ایشین ڈیولپمنٹ بنک [ایک ملین ڈالرز]
۲) ورلڈ بنک [ایک بلین ڈالرز]
۳) سعودی عرب [۵۷۳ ملین ڈالرز]
۴) یونائیٹڈ اسٹیٹ [۵۱۰ ملین ڈالرز]
۵) اسلامک ڈیولپمنٹ بنک [۵۰۰ ملین ڈالرز]
۶) چین [۳۲۶ ملین ڈالرز]
۷) ایران [۲۰۰ ملین ڈالرز]
۸) ترکی [۱۵۰ ملین ڈالرز]
۹) فرانس [۱۲۴ ملین ڈالرز]
۱۰) برطانیہ [۱۲۰ ملین ڈالرز]
۱۱) جاپان [۱۲۰ ملین ڈالرز]
۱۲) یورپین یونین [۱۱۰ ملین ڈالرز]
۱۳) جرمنی [۱۰۰ ملین ڈالرز]
۱۴) متحدہ عرب امارات [۱۰۰ ملین ڈالرز]
۱۵) کویت [۱۰۰ ملین ڈالرز]
۱۶) انڈیا [۲۵ ملین ڈالرز]
۱۷) یو۔اے۔ای [ایک ملین ڈالرز]
۱۸) سنگاپور [۳۰۰،۰۰۰ ڈالرز]

[''ڈان''،۲۰/نومبر ۲۰۰۵ء]

کیا یہ اعداد وشمار عالم اسلام اور عالم مغرب کے درمیان فرق جاننے کے لیے کافی نہیں ہیں؟ امت مسلمہ کسے کہتے ہیں کیا اس سوال کا جواب ابھی تک نہیں مل سکا؟ افتراق واختلاف کے باوجود امت کا درد امت کے لوگوں کے دل میں کیوں ہے؟

*E:/Mr. Khalid-2-2005/Ainda Shumaray.inp-21-12-005.inp*